Endeavour
For people and their pets
End domestic abuse!
www.endeavourproject.org.uk

Urdu

# BAME گھریلو تشدد سے متعلق امدادی خدمت

سیاہ فام، ایشیائی اور اقلیتی نسل کے ان متاثرین کی ضروریات کو حل کرنا جن کو بدسلوکی کی شکلوں کا سامنا ہوا ہے/ہو رہا ہے۔



Endeavour
BAME DV Service

گھریلو بدسلوکی سے فرار
ہونے والی فیملیز کے تعاون
میں مصروف


**سیاہ فام، ایشیائی، اقلیتی نسل**
**گھریلو تشدد سے متعلق امداد (BAME DV)**
26 Chorley New Road, Bolton BL1 4AP
E: bame@endeavourproject.org.uk
T: **01204 394842**

# اگر آپ خدمت کا استعمال کرتے ہیں

Endeavour BAME DV سروس آپ کے تحفظ کو اور آپ کے بچوں کے تحفظ کو بڑھانے کے لیے خدمت کا استعمال کرنے والے ہر کسی کے لیے رازداری کو یقینی بنانے کی کلی طور پر پابند عہد ہے۔

دوسری ایجنسیوں کے ساتھ آپ کی معلومات شیئر کرنے کے لیے ہم ہمیشہ آپ کی منظوری حاصل کریں گے۔

اس وقت ایکسپشنز یعنی استثناء پیش آ سکتے ہیں جب یہ مانا جائے کہ منظوری طلب کرنا آپ کو ضرر کے نمایاں خطرے میں ڈال سکتا ہے، یا جب یہ خیال کیا جائے کہ بچہ نمایاں ضرر لاحق ہونے کے خطرے میں مبتلا ہے۔

# ہمارے اہداف

UK میں، چار خواتین میں سے ایک کو اپنی زندگی میں کسی نہ کسی وقت گھریلو بدسلوکی کا سامنا ہوتا ہے اور ہزاروں بچے بھی اپنے گھروں میں بدسلوکی کو دیکھنے یا اس کا سامنا کرنے کی وجہ سے متاثر ہوئے ہیں۔

Bolton گھریلو بدسلوکی سے نمٹنے کے لیے ملٹی ایجنسی طریقۂ اختیار کرتی ہے اور باہم مربوط کمیونٹی کے جوابی اقدام کی اہمیت کو تسلیم کرتی ہے، جس میں کسی خود مختار وسیلے سے وقف شدہ مشورہ اور اعانت کی فراہمی شامل ہے۔

BAME DV سروس ایک مقامی چیریٹی، Endeavour کے ذریعہ چلتی ہے جو گھریلو تشدد کے متاثرین/پسماندگان کے لیے خود مختار خصوصی نوعیت کی اور رازدارانہ مفت خدمت فراہم کرتی ہے۔ اس کا مقصد بالٹن کے علاقے میں گھریلو بدسلوکی کا سامنا کر رہے افراد کو لاحق ضرر کا خطرہ کم کرنا اور مثبت کارروائی کر کے متاثرین/پسماندگان کو با اختیار بنا کر مزید واقعات کو کم کرنا ہے۔

زبان رکاوٹ نہیں ہونی چاہیے۔ گھریلو تشدد کے تمام متاثرین کمیونٹی کی زبان بولنے والے مترجمین یا عملہ کے ممبروں کی معرفت ہم سے بات کر کے اپنی آواز اٹھا سکتے ہیں۔

# ہم کیا پیش کرتے ہیں

سیاہ فام، ایشیائی، اقلیتی نسل (BAME) DV سپورٹ ایک ذاتی خدمت ہے جو گھریلو بدسلوکی/تشدد کا سامنا کر رہے متاثرین/پسماندگان کے تعاون کے لیے بنائی گئی ہے۔

آپ کو حوالہ دیے جانے پر، آپ سے **BAME DV** ٹیم کا ایک ممبر رابطہ کرے گا۔ اگر آپ ان کی خدمات قبول کرتے ہیں تو آپ سب سے پہلے ا پنے اختیارات پر گفتگو کرنے کے لیے فرداً فرداً بنیاد پر مشیر کے ساتھ میٹنگ کریں گے۔ اس میٹنگ کے نتیجے میں عام طور پر آپ اور آپ کے مشیر کے بیچ ایک امدادی منصوبہ تیار کیا جائے گا جس میں وہ کارروائیاں شامل ہوں گی جنہیں مکمل کرنے پر آپ دونوں متفق ہوں گے۔

تعاون درج ذیل کے قدرے مشترک کی شکل میں ہو سکتا ہے:

- **اگر محفوظ خیال کیا جائے تو گھر پر مبنی**
- **ثقافتی لحاظ سے محفوظ ماحول میں تعاون**
- **افراد اور ان کی فیملی کے ممبران کے ساتھ فرداً فرداً کام**

# پیش کردہ تعاون

- خانگی بد سلوکی اور تشدد (DAV) کا سامنا کرنے کے بعد ثقافتی لحاظ سے ایک محفوظ اور رازدارانہ ماحول میں جذباتی تعاون۔
- عملی تعاون اور بورو میں موجود ایجنسیوں سے تعاون طلب کرنے میں رہنمائی۔
- حفاظتی منصوبہ بندی (کس طرح بحفاظت رہیں یا رخصت ہوں) اور MARAC (ملٹی ایجنسی رسک اسیسمنٹ کانفرنس) کے نام حوالہ۔
- پولیس سے رابطہ کرنے اور واقعات کی رپورٹ کرنے میں تعاون۔
- ان خواتین کے لیے مقامی امیگریشن سروسز کے ساتھ رابطہ جن کے پاس عوامی فنڈز میں کوئی بندوبست (NRPF) نہیں ہے۔
- گھریلو تشدد کا سامنا کرنے والی خواتین اور ان کی فیملیز کو با اختیار بنانے میں مدد کے لیے حقوق اور استحقاق سے متعلق معلومات اور مشورہ۔
- گھریلو بدسلوکی سے فرار اختیار کرنے والی خواتین کے لیے باز آبادکاری اور عارضی یا پناہ گاہ والی رہائش تلاش کرنے میں اعانت بھی کرنا۔
- رہائش، مراعات اور قانونی اختیارات کے مدنظر مشورے میں تعاون۔
- جبری شادی، خواتین کا عضو تناسل کاٹنے (FGM) اور HBV (ناموس پر مبنی تشدد) کا سامنا کرنے والی خواتین کے لیے تعاون۔

# MARAC کے نام حوالہ

اگر خطرہ بڑھنے کی نشاندہی ہوتی ہے تو آپ کا کیس MARAC کے پاس بھیجا جا سکتا ہے جہاں ملٹی ایجنسی پیشہ وران کے ساتھ ایک باہم مربوط امدادی منصوبہ کی نشاندہی کی جاتی ہے۔

**اس کے بعد کیا ہوتا ہے؟** گھریلو تشدد سے متعلق ایک خود مختار وکیل (Independent Domestic Violence Advocate, IDVA) خدمت کے سلسلے میں آپ سے رابطہ کرے گا۔ اس وقت پولیس بھی آپ سے رابطہ کر سکتی ہے۔

**MARAC میں کیا ہوتا ہے؟** MARAC میٹنگ میں ان کارروائیوں پر اتفاق کیا جاتا ہے جو آپ اور آپ کی فیملی کو لاحق خطرے کو کم کرنے کے لیے خاص طور پر تیار کی جاتی ہیں۔ ممکن ہونے پر، اگلی میٹنگ سے قبل انہیں مکمل کر لینا ضروری ہے۔ آپ کا IDVA ان کارروائیوں پر گفتگو کرنے کے لیے آپ سے رابطہ کرے گا۔

**درج ذیل ایجنسیوں کی نمائندگی کی گئی ہے:**

- **خدمات بالغان**
- **خدمات اطفال**
- **Bolton at Home کی صحت خدمات**
- **IDVA کی خدمات**
- **مقامی تعلیمی اتھارٹی**
- **پولیس**
- **پروبیشن**
- **وکٹم سپورٹ**
- **خواتین کے لیے امدادی خدمات**

*"مثبت کارروائیاں کر کے متاثرین/پسماندگان کو با اختیار بنانے میں مصروف"*

# کسی ہنگامی حالت میں!

BAME DV کوئی ہنگامی خدمت نہیں ہے اور ہمارے کام کرنے کے اوقات 9.30 بجے صبح تا 5 بجے شام، بروز پیر تا جمعہ ہیں۔

***کسی ہنگامی صورتحال میں براہ کرم 999 پر کال کریں***

ایسا تب ہوتا ہے جب آپ کو اپنے تحفظ کا خوف ہوتا ہے اور آپ اور آپ کی فیملی کو ملنے والی دھمکی زندگی کو خطرے میں ڈال سکتی ہو۔ اگر آپ کو ایسی بدسلوکی کا اندراج کروانا ہے یا اس کی رپورٹ کرنی ہو جو ہنگامی حالت نہیں ہے تو براہ کرم گریٹر مانچسٹر پولیس سے 101 پر رابطہ کریں، یا گریٹر مانچسٹر پولیس (GMP) کی ویب سائٹ پر لائیو چیٹ کی معرفت رپورٹ کریں۔

**Fortalice**
*پناہ گاہ تک رسائی، مشاورت اور امدادی خدمات کے لیے*
**01204 365677 یا 01204 701846**

**فری فون 24 گھنٹے ڈومیسٹک وائلنس ہیلپ لائن**
*Women's Aid اور REFUGE شراکت میں کام کر رہے ہیں*
**0808 2000 247**

مفید روابط کے لیے **www.endeavourproject.org.uk** ملاحظہ کریں۔



Flynt/Dreamstime.com©

Endeavour کئی ایک منفرد اور متنوع امدادی خدمات فراہم کرتی ہے، جس سے گھریلو تشدد سے متاثر تمام افراد کے لیے واقعی فرق آ رہا ہے۔ فرمائشی حفاظتی منصوبہ اور امدادی پیکجز فراہم کر کے ہم لوگوں اور ان کے پالتو جانوروں کو با اختیار بناتے ہیں تاکہ وہ ایک مثبت اور روشن مستقبل کےساتھ بدسلوکی سے آزاد زندگی گزاریں۔

ہم اپنے کام کے تمام پہلوؤں میں مساوی مواقع کے پابند عہد ہیں۔

| Endeavour Pet Fostering | Endeavour YPDW | Endeavour The Haven | Endeavour YPDVA | Endeavour BAME DV Service | Endeavour Safe Haven Project |
|---|---|---|---|---|---|
| پالتو جانور کی پرورش | نو عمر افراد کی نشوونما سے متعلق کارکن | پناہ گاہ | نوعمر افراد کے لیے گھریلو تشدد سے متعلق مشیر | سیاہ فام، ایشیائی، اقلیتی نسل | سیف ہیون آؤٹ ریچ پروجیکٹ |

Registered with FUNDRAISING REGULATOR

Find us on Facebook.com/PawsforKids

Follow us on @pawsofficial

For people and their pets
**Endeavour**
End domestic abuse!
www.endeavourproject.org.uk

تعاون یافتہ بذریعہ:

LLOYDS BANK FOUNDATION England & Wales | Bolton Vision | Be Safe Bolton Strategic Partnership | Funded by Comic Relief | Lottery Funded

**Endeavour is the working title for Paws for Kids**
Paws for Kids is a Company Limited by Guarantee No: 4070391 Registered Charity No: 1084861